# AKASHVANI NEWS SRINAGAR

**Text of Urdu News Bulletin**
**Dated : 02-09- 2026**
**Time : 12:30 / PM**

Opening

آداب
یہ آکاشوانی سرینگر ہے۔
دوپہر کے 12 بجکر 30 منٹ ہوئے ہیں۔
خبروں کا بلیٹن لیکر میں اعجازہ اختر۔

**PM اپیل**

وزیراعظم نریندر مودی نے ملک کے عوام سے ایک بار پھر اپیل کی ہے کہ وہ ملک کے اندر تیار کی گئیں مصنوعات کے استعمال کو ترجیح دیں۔ایک ویڈیو پیغام میں انہوں نے لوگوں کو سونے کی غیر ضروری خریدوفروخت سے احتراض کرنے کا مشورہ دیتے ہوئے شادیوں کی تقریبات ملک کے اندر منعقد کرنے کی تلقین کی۔وزیر اعظم نے ملک کی مجموعی گھریلو پیداوار 7 عشاریہ 8 فیصد تک پہنچنے کیلئے لوگوں کو مبارکباد دی۔

**------PM Byte------**

**LG**

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا کی صدارت میں کل سرینگر میں سیکورٹی ایجنسیوں کی ایک میٹنگ منعقد ہوئی جس میں یوٹی میں سلامتی منظر نامے پر تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ایل جی نے نارکو ٹیرر کے نیٹ ورکوں کے خلاف کاروائیاں تیز کرنے اور ابھرتے ہوئے ڈیجیٹل خطرات کی نگرانی بڑھانے کی متعلقہ افسروں کو ہدایت دی ہے۔سیکورٹی کے لئے عوامی اعتماد کو اہم قرار دیتے ہوئے لیفٹنٹ گورنر نے پولیس افسروں کو لوگوں کے ساتھ راست رابطہ کاری کرنے کی ہدایت دیتے ہوئے شہریوں کی شکایات کے ازالے اور ان کے ساتھ تبادلہ خیال کیلئے مخصوص اوقات مقرر کرنے کا مشورہ دیا۔

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے جموں کشمیر میں سرمایہ کاری ، اختراعیت اور معاشی ترقی کیلئے ایک معاون اور سازگار ماحول قائم کرنے پر زور دیا ہے۔سرینگر میں منعقدہ ایک میٹنگ کے دوران انہوں نے جموں وکشمیر بھر میں کاربار کرنے میں آسانی لانے کے طریقہ کار سے متعلق امور کا جائزہ لیا۔انہوں نے اصلاحات کو موثر طریقے پرعملانے میں حائل تمام رکاوٹوں کو بھی دور کرنے اور تاخیر کو کم کرنے کی ضرورت بھی اجاگر کی۔

علاج امداد

صحت عامہ اور سماجی بہبود کے شعبے میں ایک بڑی پیش رفت کے طور جموں وکشمیر حکومت نے کینسر کے علاج اور غریبوں کیلئے انتظامی فنڈ میں جامع اصلاحات کا اعلان کیا ہے جس کا مقصد کینسر جیسے امراض کے علاج کیلئے مفلوک الحال مریضوں کے مالی بوجھ کو کم کرنا ہے۔اس سلسلے میں وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کی جانب سے منظور شدہ اصولوں پرنظر ثانی کے تحت مخصوص اسکیموں کی رو سے امداد حاصل کرنے کے اہل کسی کنبے کی سالانہ آمدنی کی حد **2** لاکھ **40** ہزار روپے سے بڑھا کر **4** لاکھ روپے سالانہ کردی گئی ہے۔نظر ثانی شدہ اسکیم موذی بیماریوں سے متاثرہ مریضوں کی مالی مشکلات کو دور کرنے کیلئے حکومت کا ایک اہم اقدام تصور کیا جارہا ہے۔

سرمائی اجلاس

ایک اہم پیش رفت کے تحت جموں وکشمیر قانون ساز اسمبلی نے آنے والے سرمائی اجلاس کے دوران **Paper Less** نظام کار اپنانے کا فیصلہ کیا ہے۔یہ اجلاس رواں مہینے کی **21** تاریخ سے شروع ہوگا۔اس سلسلے میں قانون ،انصاف اور پارلیمانی امور محکمے کی جانب سے جاری ایک سرکیولر میں کہا گیا ہے کہ اجلاس کی کاروائی نیشنل ای ودھان ایپلیکیشن کے ذریعے چلائی جائے گی۔سرکیولر میں مزید کہا گیا ہے کہ ممبران اسمبلی کی جانب سے پوچھے جانے والے سوال پہلے ہی متعلقہ محکموں کو بھیجے گئے ہیں۔تمام انتظامی محکموں سے کہا گیا ہے کہ وہ روزانہ کی بنیادوں پر نیشنل ای ودھان ایپلی کیشن پر لاگ ان کریں۔

کرائم برانچ

کرائم برانچ جموں وکشمیر کی اقتصادی جرائم سے متعلق ونگ نے ترال کے رہنے والے نثار احمد بٹ ولد غلام حسن بٹ، شوپیاں کے رہنے والے شاکر گل ولد شیخ گُل محمد، محمد ایاض راتھر ولد عبدالرحمان راتھر، شیخ روحیل احمد ولد شیخ شفیق احمد اور اننت ناگ کے رہنے والے تنویر احمد راتھر ولد عبدالرحمان راتھر نامی پانچ افراد کے خلاف چیف جوڈیشل مجسٹریٹ بڈگام کی عدالت میں چارج شیٹ داخل کیا ہے۔ سال **2021** میں درج کئے گئے اس معاملے کی رو سے ان افراد پر ڈائریکٹر اسکول ایجوکیشن کشمیر کے دفتر کے نام کا تقرری اور تبدیلی سے متعلق ایک جعلی آرڈر تیار کرنے اور اس میں معاونت کرنے کا الزام ہے۔

ورکشاپ

ڈائریکٹوریٹ آف اکونامکس اینڈ سٹیٹسٹکس جموں وکشمیر کے اہتمام سے **SKICC** سرینگر میں کل **Administrative Data Harmonisation** کے موضوع پر یوٹی سطح کا ایک روزہ ورکشاپ منعقد ہوا جس کا مقصد سرکاری محکموں میں انتظامی ڈیٹا کے موثر استعمال کو یقینی بنانے کی اہمیت کو اجاگر کرنا تھا۔ مقررین نے کہا کہ ڈیٹا میں ہم آہنگی اور مطابقت پیدا کرنے سے مختلف محکموں کے مابین تال میل اور مختلف اسکیموں کی نتیجہ خیز عمل آوری کو یقینی بنایا جاسکتا ہے۔

کھانڈ

مرکزی سرکار نے کھانڈ کی قیمتوں کو اعتدال پر رکھنے کیلئے اس کی سٹاک ہولڈنگ کی حد میں کمی کا اعلان کیا ہے۔ سرکار کی جانب سے جاری کی گئیں ہدایات کے مطابق اب ڈیلر **4** ہزار کوئنٹل کے بجائے صرف **2** ہزار کوئنٹل کا ذخیرہ کر سکتے ہیں۔ یہ ہدایات فی الحال **15** ستمبر سے **30** نومبر **2026** تک لاگو رہیں گی۔ ہمارے نمائندے نے اطلاع دی ہے کہ یہ فیصلہ کھانڈ کی مصنوعی قلت اور صارفین کو راحت پہنچانے کی غرض سے لیا گیا ہے۔

**closing**

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا۔ اجازت دیجئے۔ خدا حافظ